2297 ـ گاڑی میں ٹیپ کے سپیکر سواریوں کے قدموں کےبرابر ہیں

سوال

بعض گاڑیوں میں ٹیپ کے سپیکر سواریوں کے قدموں کر برابر ہیں ۔ اور بعض اوقات جوتے اور پاؤں ان سپیکروں پر بھی رکھے جاتے ہیں تو کیا جب اسے چلایا جائے گا تواس میں کتاب اللہ کی توھین کا پہلوتو نہیں نکلتا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگرتو ایسے ہی جیسا کہ آپ نے ذکر کیا کہ سپیکر پاؤں کے نیچے یا پھر قدموں کے برابر ہیں تو پھر قرآن مجید کی تلاوت نہ لگائ جائے ، اس لیے کہ قرآن مجید کا اس طرح ہونا کہ وہ پاؤں کے نیچےیابرابر سے سنا جائے اس میں کوئ شک نہیں کہ اس میں توھین کا پہلونکلتا ہے ۔

اگر قرآن کریم کی تلاوت سننا ہی ہے تو پھر سپیکر پاؤں کے برابر یا نیچے سے اوپر اٹھالینے چاہیں ۔ .